5 اپریل 2024

عزیز اہلِ خانہ:

ہم آپ کو اس بات سے مطلع کرنے کے لیے تحریر کر رہے ہیں کہ **بروز پیر، 8 اپریل** کو نیو یارک شہر کے علاقے میں جزوی سورج گرہن ہو گا جس کا آغاز تقریباً دوپہر 2:00 بجے ہو گا۔ سورج گرہن اس وقت ہوتا ہے جب چاند، سورج اور زمین کے درمیان سے گزرتا ہے۔ یہ ایک سایہ ڈال دیتا ہے جس کی وجہ سے گرہن کے دورانیے میں آسمان میں اندھیرا ہو سکتا ہے، نیو یارک شہر میں اس کے ظہور ہونے کے چوٹی کے وقت تقریباً سہ پہر 3:25 بجے سورج کا 90% حصہ چھپ جائے گا۔

جبکہ یہ اسکول کے چھٹی کے اوقات کے ساتھ متصادم ہو سکتا ہے، برائے مہربانی مطلع رہیں کہ **چھٹی کے (اوقات) میں کوئی تبدیلی نہیں ہو گی،** اسکول بعد پروگرامنگ نافذ العمل رہے گی۔ براہ کرم پورے علاقے میں اضافی ٹریفک کے لیے بھی تیار رہیں اور اس دوران اپنی گاڑی استعمال کرنے کے بجائے عوامی ذرائع نقل و حمل استعمال کرنے پر غور کریں۔

اگر آپ اور آپ کا خاندان گرہن کو دیکھنے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں تو آنکھوں کی مناسب، مخصوص حفاظت کو استعمال کر کے برائے مہربانی اس کو بحفاظت کرنے کو یقینی بنائیں۔ عام دھوپ کے چشمے (سن گلاسس) اور دیگر فلٹرز سورج گرہن کی عینکوں کے محفوظ متبادل **نہیں** ہیں۔ **عینکیں بروکلن پبلک لائبریری، کوئنز پبلک لائبریری، اور نیو یارک پبلک لائبریری میں دستیاب ہیں جب تک کہ جب تک کہ فراہمی جاری ہے۔** فراہمی کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے پیشگی کال کرنے کی تجویز کی جاتی ہے۔ براہ کرم احتیاط کریں، چاہے (آپ) باہر ہوں یا اندر ہوں، کیونکہ حفاظت کے بغیر سورج کو دیکھنا رنگوں کو دیکھنے کی قابلیت کو، بینائی کو کھو دینے، یا حتی کہ مستقل طور پر نابینا ہونے کی وجہ بن سکتا ہے۔

سورج گرہن کے لیے آنکھوں کے تحفظ کے متعلق مزید معلومات کے لیے براہ کرم نیو یارک شہر محکمہ صحت کی رہنمائی کے لیے ذیل پر جائیں: https://www.nyc.gov/site/doh/about/press/pr2024/solar-eclipse-safety-precautions.page

بخلوص،

نیو یارک شہر پبلک اسکولز